**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2019**

**Islamiyat Paper II**

**Time: 1 hour 30 minutes    Marks: 30**

April/ May 2019
Teaching for learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔** <br> **امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کُل **چھے** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں **دو** انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہر گز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نا لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 6 نمبر)

(الف) وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ۔

(سورہ انفال : آیت 47)

i۔ دی گئی آیت کی روشنی میں کفار کا جنگِ بدر کے لیے اپنے گھروں سے نکلتے وقت کا طرزِ عمل کیا تھا؟ (1 نمبر)

ii۔ دو نکات میں بتایئے کہ مسلمانوں کا گروہ جب اللہ کی راہ کے لیے اپنے گھروں سے نکلتا ہے تو ان کا کیا طرزِ عمل ہوتا ہے؟ (2 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

(ب) وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ۔ (سورۂ انفال : آیت 16)

i۔ دی گئی آیت میں دشمن کے سامنے ہر حالت میں پیٹھ پھیرنے سے منع کیا گیا ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ آیت میں وہ کون سی دو کیفیات ہیں جن میں پیٹھ پھیری جاسکتی ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

ii۔ دی گئی آیت میں دورانِ جنگ اُن دو کیفیات کے علاوہ پیٹھ پھیرنے والوں کا انجام کیا بتایا گیا ہے؟ (1 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔2 (کل 6 نمبر)

(الف) 'انسان کی شخصیت اُس کے کردار کی عکاسی کرتی ہے۔'

i۔ وہ کون سے برے اخلاق ہیں جن سے بچ کر انسان اپنے اخلاق کو بہتر کر سکتا ہے؟ کوئی چار کے نام لکھیں۔ (2 نمبر)

ii۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے حوالے سے اخلاق حسنہ کی **ایک** مثال تحریر کریں۔ (1 نمبر)

(ب) ناجائز ذرائع سے حاصل کی گئی آمدنی سے صرف فرد ہی نہیں بلکہ معاشرہ بھی متاثر ہوتا ہے۔ رشوت اور اس جیسے دوسرے ناجائز ذرائع کی روک تھام کے لیے ریاست کو کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟ **تین** نکات میں وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال-3 (کل 4 نمبر)

اللہ تعالیٰ سے محبت ایمان کا لازمی جزو ہے۔ اس محبت کے نتیجے میں فرد اور معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟ دو انفرادی اور دو معاشرتی اثرات بیان کیجیے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔4 (کل 4 نمبر)

زکوۃ ایک مضبوط، مستحکم معاشی نظام ہے۔ یہ جس معاشرے میں رائج ہو وہاں کے معاشی استحکام کی ضمانت ہے۔زکوٰۃ کے کوئی **چار** معاشرتی فوائد تحریر کیجیے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔5 (کل 4 نمبر)

(الف) ابن خلدون کی دو علمی خدمات بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) ماضی میں مسلمانوں کے شاندار علمی کارناموں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے عصرِ حاضر میں علمی زوال کی کوئی دو وجوہات بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔ 6 (کل 6 نمبر)

(الف) اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلمؐ کے ذریعے دنیا کے تمام انسانوں تک تعلیمات پہنچانے کا انتظام کیا۔ ان (تعلیمات) کا مقصد بیان کرتے ہوئے **چھے** نکات تحریر کیجیے؟ (6 نمبر)

**یا**

(ب)

i۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلمؐ نے 'علم' کی اشاعت کے لیے وہ کیا طریقے استعمال کیے جن کی وجہ سے علم کی روشنی پورے عرب میں پھیل گئی۔ **چار** نکات میں وضاحت کیجیے۔ (4 نمبر)

ii۔ علم کی اہمیت سے متعلق ایک قرآنی آیت اور **ایک** حدیث کا ترجمہ لکھیے۔ (2 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only